DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 26-09-2022 | اخبارات |
| --- | --- |
| 1۔خبر کا مستند ہونا ضروری جھوٹی خبروں سے انتشار پھیلتا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔وزیراعلیٰ بلوچستان اور مولانا عبدالواسع کے درمیان اہم ملاقات آج متوقع | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔اخبار بینی کا قومی دن مطالعے کے فروغ میں معاون ہوگا،ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔زمینداروں میں سستا اور بہترین بیج تقسیم کیا جائے گا،اسد بلوچ | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔گورنر جمالی سے بیا ے پی کے وفد کی ملاقات | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔عوام کے مسائل اور حقوق کیلئے ہماری جدوجہد جاری رہے گی،مولانا واسع | مشرق ودیگراخبارات |
| 7۔نوکریاں فروخت کرنے کا الزام ثابت ہوا تو سیاست چھوڑ دونگا،نصیب اللہ مری | مشرق ودیگراخبارات |
| 8۔حکومت صوبے کی عوام کو سستا آٹا فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے،زمرک اچکزئی | مشرق ودیگراخبارات |
| 9۔کیرتھر کینال کے شگافوں کو فوری پر کیا جائے،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔متاثرہ علاقوں میں ریلیف اور ریسکیو آپریشن جاری ہے،پی ڈی ایم اے | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔معلومات تک رسائی قانون سے گڈ گورننس میں مزید بہتری آئیگی،ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔اوستہ محمد میں پانی کی نکاسی کا 90 فیصد کام مکمل کرلیا گیا،آئی ایس پی آر | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔محکمہ تعلیم سکولز 290 اساتذہ کو 20 ویں گریڈ میں ٹائم سکیل پروموشن دے دی گئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔آرمی اور ایف سی کے تعاون سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف آپریشن جاری ہے،پی ڈی ایم اے | مشرق ودیگراخبارات |
| 15۔ترکیہ سے امدادی اشیاء وسامان لیکر ٹرین تفتان بارڈر پہنچ گئی | مشرق ودیگراخبارات |
| 16۔چین کا بلوچستان کے خشک سالی والے علاقوں اور بنجر زمینوں کو سرسبز شاداب کرنیکا منصوبہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 17۔غاصبوں کا مقابلہ سیاسی اتحاد سے کیا جاسکتا ہے،سیاسی رہنما | جنگ ودیگراخبارات |
| 18۔بلوچستان بھی ڈینگی کی لپیٹ میں آگیا تین اضلاع سے 127 کیسز رپورٹ | مشرق ودیگراخبارات |
| 19۔بارش اور سیلاب سے متاثرہ عوام کی امداد و بحالی یقینی بنائی جائے،مالک بلوچ | مشرق ودیگراخبارات |

## امن وامان

پنجگور پولیس کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی،ڈیرہ مراد جمالی مسلح افراد کی فائرنگ سے بچی سمیت 2 افراد ہلاک،بیلہ قتل کے مقدمے میں مطلوب 14 افراد گرفتار،

## عوامی مسائل

جعفرآباد امداد نہ ملنے کیخلاف سیلاب متاثرین کا احتجاج قومی شاہراہ بلاک،بھاگ رقوم میں کٹوتی بی آئی ایس پی مستحقین پریشان احتجاج کی دھمکی،کوئٹہ دودھ دہی اور گوشت کی قیمتوں میں من مانا اضافہ عوام کو مشکلات

DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ

حکومت بلوچستان

مورخہ 26-09-2022

## اداریہ

روزنامہ مشرق نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کا زرعی بحالی پلان چند تجاویز !!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان حکومت نے صوبے کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں زرعی شعبے کی بحالی کے لئے 15ارب 83 کروڑ روپے کی خطیر رقم کی سبسڈی فراہم کرنے کی منظوری دی ہے یہ منظوری وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں دی گئی ہے سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی خبر میں متذکرہ اجلاس اور زرعی بحالی پلان کی جو تفصیلات سامنے آئی ہیں اس کے مطابق اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ زرعی بیجوں پر کسانوں کو 6.71 ارب روپے اور فرٹیلائزر پر کسانوں کو 6.47ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی جائے گی جبکہ سولر سسٹم کی بحالی اور بور کیلئے 2.62ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی جائے گی صوبے میں حالیہ سیلابی بارشوں سے مختلف اضلاع میں 52 فیصد خریف کی فصلوں کا رقبہ متاثر ہوا ہے اور ذخیرہ شدہ بیجوں کا ضیاع بھی ہوا ہے سیلابی صورتحال سے کینال کا نظام بھی متاثر ہوا زرعی بحالی پلان کے تحت حکومت کسانوں اور کاشتکاروں کو سبسڈی فراہم کر رہی ہے رجسٹرڈ کسانوں کو زرعی بیجوں پر صوبائی حکومت ستر فیصد سبسڈی دے گی سولر سسٹم کی بحالی اور کھاد پر حکومت کسانوں کو پچاس فیصد سبسڈی فراہم کرے گی یہ سبسڈی صوبے کے بارانی اور نہری دونوں علاقوں میں فراہم کی جائے گی۔ بصورت دیگر کھایا پیا کچھ نہیں گلاس توڑا بارہ آنے کے مصداق عام بلوچستان کا پیٹ اور جیب کاٹ کر جاگیرداروں کو سبسڈی دینا زرعی بحالی نہیں بلکہ زراعت کی پامالی کا پلان ہے جو کسی بھی صورت ملک قوم اور صوبے کے مفاد میں نہیں ہوسکتا۔

## اداریہ

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان میں کسانوں کو 15.83ارب روپے کی سبسڈی دینے کا فیصلہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز نے "Package for farmers" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے " **سیلاب کے صحت پر اثرات** " کے عنوان سے مقبول احمد کا مضمون شائع کیا۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**محکمہ تعلیم کی ناقص کارکردگی** " کے عنوان سے عبدالغنی کا مضمون شائع کیا۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 26 SEP 2022 Page No. 1

# خبر کا مستند ہونا ضروری، جھوٹی خبروں سے انتشار پھیلتا ہے، میر قدوس بزنجو

## سوشل میڈیا پر تصدیق کے بغیر آنے والی خبروں کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے، یوم قارئین قومی اخبارات کے موقع پر بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی جانب سے 25 ستمبر کو یوم قارئین قومی اخبارات منانے کے اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے صحافت ہمارے ملک اور معاشرے کا چوتھا ستون ہیں جو معاشرے شعور اور آگہی رکھتے ہیں ان میں پڑھنے کا جذبہ زیادہ ہوتا ہے اور وہ بہتر طور سے اپنے فرائض اور لوگوں کے حقوق کی ادائیگی سے باخبر ہوتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد سچی اور مستند خبروں کو آگے پھیلانا ہے اور افواہوں اور جھوٹی خبروں کی نفی کرنا ہے کیونکہ کہ ایسی خبروں سے معاشرے میں انتشار پھیلتا ہے انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے سوشل میڈیا پر آنے والی خبروں کو تصدیق کے بغیر انہیں عوام تک پہنچایا جاتا ہے جس کی حوصلہ شکنی کرنی چاہیے یہ دور انفارمیشن وار فیئر کا ہے غلط خبروں کے پھیلانے سے معاشرے میں انتشار کو فروغ ملتا ہے انہوں نے کہا کہ ففتھ جنریشن وار فیئر دراصل ایسی جھوٹی اور من گھڑت خبروں کو پھیلانا ہے جس سے معاشرے میں عدم استحکام اور عمومی بے چینی کی کیفیت کو دوام دیا جاسکے انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر جھوٹی خبروں کے ذریعے ہمارے ملک کے اہم اداروں اور سالمیت کو نقصان پہنچا رہے ہیں اس کے لیے ضروری ہے کہ ہماری نوجوان نسل میں اخبارات کے مطالعہ کو فروغ دیا جائے اور اس دن کو منانے کا مقصد بھی یہی ہے انہوں نے کہا کہ ماضی کے اوراق پلٹنے سے ہمیں یہ پتہ چلتا ہے جب تک ہمارے نوجوان اخبارات کا مطالعہ قاعدگی سے کرتے تھے تو وہ کسی بھی بیرونی ایجنڈے کے آلہ کار نہیں بنتے تھے آج بھی اخبارات کے مطالعہ کی اس دلچسپی کو واپس بھرپور انداز سے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عوام مستند اور تصدیق شدہ خبروں پر اعتماد کریں وزیراعلیٰ نے کہا کہ آل پاکستان نیوز پیپر سوسائٹی کی جانب سے یہ ایک احسن اقدام ہے جس کی صوبائی حکومت بھی بھرپور طور سے تائید کرتی ہے انہوں نے ملک کے نوجوانوں سے اپیل کی کہ مستند خبروں کے لئے زیادہ سے زیادہ اخبارات کا مطالعہ کریں اور غیر مستند اور جھوٹی خبروں سے اجتناب برتیں تاکہ معاشرے میں دائمی امن اور استحکام کی فضا کو قائم رکھا جاسکے۔

# حکومت زمینداروں کو رعایتی نرخوں پر بیج اور کھاد فراہم کریگی، وزیراعلیٰ

## [illegible]

### متاثرین سیلاب کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، محکمہ آبپاشی متاثرہ واٹر چینلز اور نہروں کی بحالی یقینی بنائے، ٹویٹ

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ حالیہ طوفانی بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ زمینداروں کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے صوبائی حکومت رعایتی نرخوں پر بیج اور کھاد فراہم کریگی جس کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کردیا گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنے ایک ٹویٹ میں کہی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مون سون بارشوں اور سیلابی ریلوں سے زمینداروں کو بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا کرنا پڑا، صوبائی حکومت نے زمینداروں کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے انہیں سبسڈی قیمتوں پر گندم، چنے، سرسوں، دایا، سورج مکھی، چارہ جات، ڈی اے پی، نائیٹروفاس کھاد دینے کا فیصلہ کیا ہے جس کیلئے کمپنیوں، سپلائرز اور ڈیلرز سے بیج اور کھاد کے نرخوں بمعہ ٹرانسپورٹیشن کاسٹ کی کوٹیشن طلب کرلی گئی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ محکمہ آبپاشی کو جنگی بنیادوں پر نصیرآباد ڈویژن کے سیلاب سے متاثرہ واٹر چینلز ڈسٹری بیوٹرز اور نہروں کی بحالی کا ہدف دیا گیا ہے تاکہ کسان اور زمیندار ربیع کی فصل سے قبل اپنی زرعی اراضی تیار کرسکیں، حکومت زرعی بحالی پلان کے تحت تمام وسائل فراہم کریگی۔ وزیراعلیٰ بزنجو نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں صوبائی حکومت اپنے زمینداروں اور کسانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی اور انہیں دوبارہ اپنی زمینوں اور فصلات کی تیاری کیلئے ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی، اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

MASHRIQ QUETTA

# وزیراعلیٰ بلوچستان اور مولانا عبدالواسع کے درمیان اہم ملاقات آج متوقع

## جمعیت علماء اسلام کو حکومت میں شامل ہونے کے حوالے سے تفصیلی بات چیت ہوگی

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کے درمیان آج بروز سوموار ایک اہم ملا.......

بقیہ نمبر 13 صفحہ 9 پر

قات متوقع ہے جس میں حکومت میں جمعیت علماء اسلام کو شامل کرنے کا حتمی فیصلہ کیا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان نے جمعیت سے دو دن کا وقت مانگا تھا جو آج پورا ہو رہا ہے ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع کے درمیان گزشتہ شب وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی رہائش گاہ پر ملاقات ہوئی تھی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 1

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 2


## CM asks for two days to join Balochistan govt: JUI-F

**By Our Reporter**

QUETTA: Provincial Amir of Jamiat Ulema Islam Balochistan and Federal Minister for Housing and Works Maulana Abdul Wasy has said that the Chief Minister of Balochistan has asked for two days to join the government.

Jamiat Ulema-e-Islam believes in the politics of principles, Chief Minister of Balochistan has invited us to join the government which Jamiat Ulema-e-Islam has given authority to the central Ameer of the Jamiat Maulana Fazlur Rehman and the central Majlis Ameela if they join the government, so everyone will know.

He expressed these views while talking to the media. He said that due to the floods in Balochistan, the economic conditions of the province are having a negative impact.

Wheat, vegetables and standing crops have been completely destroyed due to which food shortage is also being faced.

Jamiat Ulema-e-Islam is ready to cooperate with everyone in this difficult time and the federal government has also assured all possible cooperation **Continued on page 7**

for the rehabilitation of the flood affected people of Balochistan and provide relief to the flood victims before the arrival of winter. Because in most areas of Balochistan, the weather is getting worse due to the severity of winter.

He said that the Chief Minister of Balochistan Mir Abdul Qudous Bizenjo came to our residence yesterday and discussed various issues with him and also discussed about joining the government, for which the Chief Minister of Balochistan has asked for an extension till Monday.

If the issues are resolved then Jamiat Ulema Islam will join the government, if the issues are not resolved then it will still play the role of opposition as always.

People have always expressed confidence in Jamiat and will continue to struggle for people's issues and rights.

## Bizenjo urges to promote newspapers reading in youth

**By Our Reporter**

QUETTA: Chief Minister Balochistan Mir Abdul Qudus Bizenjo has said that journalism is considered as the fourth pillar of the country and the society which society has awareness to read.

There is a need to promote the reading of newspapers among the youth. He said this in one of his messages on the occasion of National Newspaper Day on Sunday.

Chief Minister Balochistan Mir Abdul Qudus Bizenjo welcomed the initiative of All Pakistan Newspaper Society to celebrate this day. Journalism is considered as the fourth pillar of the country and society, which society has awareness to read.

Chief Minister Mir Abdul Qudus Bizenjo said that the purpose of celebrating this day is to spread true and authentic news, the Fifth Generation War Fair is actually to spread chaos through false and fabricated news and Anti-national elements also damage our institutions with false and unauthenticated news.

He said that there is a need to promote the reading of newspapers among the youth, the informed society is better aware of its duties and the rights of others.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 26 SEP 2022 Page No. 3

## اخبار بینی کا قومی دن' مطالعے کے فروغ میں معاون ہوگا' ضیاء لانگو

**اے پی این ایس کی 25 ستمبر کو قومی اخبارات کے قارئین کا دن منانے کی کوشش قابل تعریف ہے**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے 25 ستمبر کو پاکستان میں قومی اخبارات کے قارئین کا دن منانے اور اے پی این ایس کی کوششوں کو سراہا، انہوں نے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد قوم کو اخبار پڑھنے کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہے جو قابل ستائش اقدام ہے، مشیر داخلہ نے کہا کہ اخبار بینی کا قومی دن پاکستان میں مطالعے کی عادت کو پروان چڑھانے اور اسے فروغ دینے میں معاون ثابت ہوگا۔ اخبارات سے عوام میں مطالعہ کی عادت کو بیدار اور جھوٹی خبروں کو روکا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ سب سے زیادہ قابل اعتماد اور درست خبر اور معلومات کے ابلاغ کیلئے پرنٹ میڈیا کو اب بھی معتبر مانا جاتا ہے۔

## گورنر جمالی سے بی اے پی کے وفد کی ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی سے اتوار کو بی اے پی کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسنین ہاشمی' میر عبدالرؤف رند اور عبدالفتح جمالی نے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی جس میں بلوچستان کی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

## زمینداروں میں سستا اور بہترین بیج تقسیم کیا جائیگا، اسد بلوچ

**وزیر اعلیٰ نے 16 ارب کے پیکیج کی منظوری دیدی، آئندہ ماہ کام شروع کیا جائیگا، پشین میں خطاب**

پشین (نامہ نگار) صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ زراعت ہماری ملکی معیشت کا سب سے بڑا شعبہ ہے جسے اقتصادی نمو اور ترقی میں کلیدی اہمیت حاصل ہے، صوبے کے غریب کاشتکاروں اور زمینداروں کو گرین ٹریکٹر پر سبسڈی دینے سے زراعت سے وابستہ افراد کو ضروری سہولیات فراہم کرنے کی راہ ہموار ہو جائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشین میں زرعی منڈی کے قیام کے افتتاح اور گرین ٹریکٹر کی تقسیم کے حوالے سے تقریب سے خطاب میں کیا۔ تقریب میں رکن قومی اسمبلی مولانا کمال الدین سمیت بلوچستان اسمبلی کے ارکان اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر مقررین نے صوبائی وزیر میر اسد اللہ بلوچ اور محکمہ زراعت کے دیگر حکام کے اقدامات پر شکریہ ادا کیا، جبکہ گذشتہ سیلابی صورت حال میں محکمہ کے بلڈوزرز کے ذریعے سب سے پہلے ریلیف کے کام میں محکمہ زراعت کی کارکردگی کو بھی سراہا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر اسد بلوچ نے کہا کہ محکمہ زراعت زمینداروں کی مدد کیلئے کام کر رہا ہے جس کی وجہ سے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہم پر اعتماد کرتے ہوئے 16 ارب کے پیکیج کی منظوری دے دی جس پر اگلے ماہ سے کام شروع ہو جائیگا اور زمینداروں کو سستا اور بہترین بیج تقسیم کیا جائیگا۔ زراعت ہمارے ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، مجموعی پیداوار میں اس شعبے کا حصہ 21 فیصد ہے، جبکہ قومی برآمدات میں زراعت 60 فیصد ہے، انہوں نے کہا کہ گرین ٹریکٹر سکیم ایک ایسا کسان دوست منصوبہ ہے جس کی تکمیل سے نہ صرف زراعت کو فروغ ملے گا بلکہ اس سے مجموعی طور پر قومی پیداوار میں بھی اضافہ ہوگا، اس موقع پر سیکرٹری زراعت اسد علی کھوکھر نے بتایا کہ ہم زراعت جیسے بنیادی اور معیشت کی ترقی کیلئے اہم کلیدی شعبے پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں، زرعی شعبے کے ساتھ وابستہ زمیندار جلد ہی محکمہ زراعت کے اقدامات سے مستفید ہونگے۔

MASHRIQ QUETTA

## عوام کے مسائل اور حقوق کیلئے ہماری جدوجہد جاری رہے گی مولانا عبدالواسع

**جمعیت اصولوں کی سیاست پر یقین رکھتی ہے بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں کی وجہ سے صوبے کی معیشت پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں**

**گزشتہ روز وزیر اعلیٰ ہماری رہائشگاہ آئے اور حکومت میں شامل ہونے سے متعلق بات چیت ہوئی جس پر انہوں نے پیر تک مہلت مانگی ہے**

**جمعیت نے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمن اور مرکزی مجلس عاملہ کو دیا ہے اگر حکومت میں شامل ہوئے تو سب کو پتہ چل جائے گا، میڈیا سے گفتگو**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان کی حکومت میں شامل ہونے کے لئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے دو دن کا وقت مانگا ہے جمعیت علما اسلام اصولوں کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے ہمیں حکومت میں شامل ہونے کے لئے دعوت دی ہے جس کا اختیار جمعیت علما اسلام........ بقیہ نمبر 1 صفحہ 10 پر

نے جمعیت کے مرکزی امیر مولانا فضل الرحمن اور مرکزی مجلس عاملہ کو دیا ہے اگر حکومت میں شامل ہوئے تو سب کو پتہ چل جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں کی وجہ سے صوبے کے معاشی حالات پر منفی اثرات پڑ رہے ہیں گندم، سبزیاں اور دیگر اجناس مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں جس کی وجہ سے اشیا خورد و نوش کی قلت کا بھی سامنا کرنا پڑ رہا ہے جمعیت علما اسلام مشکل گھڑی میں ہر کسی کے ساتھ تعاون کرنے کیلئے تیار ہے اور وفاقی حکومت نے بھی بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے اور سردی کی آمد سے قبل ہی سیلاب متاثرین کو ریلیف فراہم کریں گے کیونکہ بلوچستان کے اکثر علاقوں میں سردی کی شدت کی وجہ سے خراب ہوتی جا رہی ہے انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو ہماری رہائشگاہ پر آئے اور ان سے مختلف معاملات پر بات چیت کی گئی اور حکومت میں شامل ہونے سے متعلق بھی بات چیت ہوئی جس پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سوموار تک مہلت مانگی ہے اگر معاملات طے پا گئے تو جمعیت علما اسلام حکومت میں شامل ہو جائے گی اگر معاملات نہیں پائے گئے تو ہمیشہ کی طرح اب بھی اپوزیشن کا کردار ادا کرے گی عوام نے ہمیشہ جمعیت پر اعتماد کا اظہار کیا ہے اور عوام کے مسائل اور حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 4

پی ٹی آئی کو حکومت سے الگ کرنے کی باتوں میں صداقت نہیں

# نوکریاں فروخت کرنے کا الزام ثابت ہوا تو سیاست چھوڑ دوں گا، نصیب اللہ مری

عوام کا خادم ہوں انکی ترقی اور خوشحالی سے سکون ملتا ہے، رنگ و نسل سے بالاتر ہو کر ترقیاتی کاموں کا جال بچھا رہے ہیں، صوبائی وزیر تعلیم

حلقہ انتخاب سے بے روزگاری کے خاتمہ کا تہیہ کئے ہوئے ہیں اور اس کیلئے دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، تعیناتی کے آرڈر تقسیم کرنے موقع پر خطاب

کوہلو (آئی این پی) صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ عوام کا خادم ہوں انکی ترقی اور خوشحالی سے سکون ملتا ہے اپنے دور میں ریکارڈ ترقیاتی کام کئے نوکریاں بیچنا میرا منشور نہیں کسی نے ثابت کیا سیاست چھوڑ دونگا۔ یہ بات انہوں نے نان ٹیچنگ پوسٹوں اور محکمہ حیوانات کے کلاس فور کے نئے تعیناتی ہونے والے ملازمین میں آرڈر تقسیم کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، تقریب کا آغاز باقاعدہ کلام پاک تلاوت سے ہوا قبل ازیں ڈپٹی کمشنر کوہلو قربان علی مگسی نے اپنے خطاب میں کہا کہ کوہلو کے عوام بڑے خوش قسمت ہیں جنہیں میر نصیب اللہ مری جیسے عوامی نمائندہ ملا، انہوں نے کہا کہ نوکریاں کرنا آسان کام نہیں آج کے دور میں روزگار سب سے اہمیت کا حامل ہے منتخب امیدواران کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور توقع رکھتا ہوں کہ وہ اپنی ڈیوٹیاں احسن طریقے سے سرانجام دیں گے، تقریب سے صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری نے اپنے خطاب میں کہا کہ کوہلو کے غریب بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار دینا میرے شہید بھائی میر گل خان مری اور میر عالم زیب کا مشن تھا اسے پورا کرنے کیلئے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لانے کی کوشش کر رہا ہوں اپنے دور حکومت میں کوہلو میں چیلنج سے کہتا ہوں کوئی اسکیم یا نوکری فروخت کی تو میں اور میرا بڑا بھائی سمیت پورا خاندان سیاست چھوڑ دیں گے، میں اللہ پاک کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میرا مقصد کوہلو کے غیور عوام کو ترقی اور خوشحالی دینا ہے الحمد اللہ اپنے اس مقصد میں کامیابی کی طرف گامزن ہوں مخالفین خود کو عوامی نمائندہ کہتے ہیں انہوں نے ان آرڈرز کو روکنے کیلئے بہت کوشش کی سیاسی مخالفت اپنی جگہ مگر میں نے بلاتعصب زرکون مری کے ذیلی شاخوں کو فنڈز نوکریاں دی ہیں اور ترقی کا یہ سفر آئندہ بھی جاری رہے گا بہت جلد ایجوکیشن میں ٹیچنگ پوسٹ اور لیویز کی پوسٹس نکال کر مزید عوام کو روزگار کے مواقع فراہم کریں گے صوبائی وزیر شہدائے مارواڑ کو یاد کرتے ہوئے آبدیدہ ہوگئے بعدازاں صوبائی وزیر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہ بلوچستان حکومت میر عبدالقدوس بزنجو کی قیادت میں متحد ہے جمعیت والے بھائی انکو کاروان میں شامل کرکے بلوچستان کو مزید ترقی دینا چاہتے ہیں، پی ٹی آئی کو حکومت سے الگ کرنے کی باتوں میں صداقت نہیں البتہ میر قدوس بزنجو کی قیادت پر اعتماد ہے تقریب میں قبائلی و سیاسی رہنما میر نثار احمد مری ڈپٹی کمشنر کوہلو قربان علی مگسی ایجوکیشن کے آفیسران جعفر خان زرکون، حفیظ اللہ مری ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک سید بلال شاہ، رسالدار میجر شیر محمد مری پرنسپل ڈگری کالج رانا محمد جمیل قبائلی رہنما میر خورشید مری قبائلی رہنما میر طور خان مری، قبائلی رہنما میر دوست علی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت میر دل ملک مری، قبائلی رہنما میر فاروق مری، میر پرویز علی مری، میر گہرام مری، قبائلی رہنما حاجی عبدالرحمن مری، یاسر بلوچ، مولا لعل جان مری وڈیرہ میر وخان کلوانی، وڈیرہ گل خان شانیجہ، تحصیلدار جلال مری وڈیرہ نہال خان وڈیرہ غازی خان بشلانی سمیت شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھے۔

# حکومت صوبے کی عوام کو سستا آٹا فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے، زمرک اچکزئی

کوئٹہ شہر کے مختلف مقامات پر سٹال لگائے ہیں، پشین سرکاری گودام سے متعلق سوشل میڈیا پر چلنے والی ویڈیو 15 سال پرانی ہے

پنجاب سے گندم آنے سے مزید آٹا سستا ہو جائے گا، عوام کو کسی بھی صورت مشکل میں نہیں ڈالیں گے، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (اے این این) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کو سستا آٹا فراہم کرنے کے لئے کوئٹہ شہر کے مختلف مقامات پر سٹال لگائے ہیں اور عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے گا پشین میں سرکاری گودام سے متعلق سوشل میڈیا پر چلنے والی ویڈیو 15 سال پرانی ہے موجودہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے اور ان کو سستا آٹا فراہم کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے ماضی کے چلنے والے سوشل میڈیا پر ویڈیو کا کوئی تعلق نہیں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف مقامات پر دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت نے بلوچستان حکومت کو گندم فراہم کرنے کے لئے ہمارے وعدے کی تکمیل کردی ہے اور پنجاب سے گندم آنے کے بعد بلوچستان میں مزید آٹا سستا ہو جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور صوبائی حکومت نے تمام تر مسائل کے باوجود کوئٹہ شہر میں عوام کو سستا آٹا فراہم کرنے کے لئے مختلف مقامات پر سٹال لگا دیئے گئے ہیں جس کے لئے روزانہ کی بنیاد پر آٹا فراہم کیا جا رہا ہے عوام کو کسی بھی صورت مشکل میں نہیں ڈالیں گے اور صوبائی حکومت اپنی بساط کے مطابق عوام کے ساتھ ہر قسم کے تعاون کرنے کے لئے تیار ہے محکمہ خوراک سستا آٹا فراہم کرنے کے لئے بلوچستان کے دیگر اضلاع میں بھی سٹال لگائیں گے تاکہ وہاں کے عوام بھی سستا آٹا سے مستفید ہو انہوں نے سوشل میڈیا پر چلنے والے خراب گندم سے متعلق ویڈیو کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے دور میں ایسا......... بقیہ نمبر 21 صفحہ 11 پر

کوئی واقعہ رونما نہیں ہوا اور نہ ہی ہم اس کی اجازت نہیں دیں گے یہ پندرہ سال پہلے کی ویڈیو ہے جو اب سوشل میڈیا پر چل رہی ہے عوام نے ہمیں منتخب کیا ہے اور عوام کی خدمت کرنا ہمارا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 5

# کیرتھر کینال کے شگافوں کو فوری پُر کیا جائے، چیف سیکرٹری

## محکمہ آبپاشی کو ہدایت، بنیادی ڈھانچے کی بحالی کیلئے موثر اقدامات جاری ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لئے موثر اقدامات جاری ہیں نصیرآباد ڈویژن کے متاثرہ اضلاع میں مواصلات آبپاشی پی ایچ ای اور صحت کے محکمے صورتحال کی بہتری نہری نظام اور سڑکوں کی بحالی عوام کو صحت اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لئے دن رات کام کر رہے ہیں چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی تعمیر و بحالی کے جاری اقدامات کی ذاتی طور پر نگرانی کر رہے ہیں اور ان کی ہدایات کی روشنی میں حکومتی مشینری بھرپور طور پر متحرک و فعال ہے چیف سیکرٹری نے محکمہ آبپاشی کو ہدایت کی ہے کہ کیرتھر کینال کے شگافوں کو فوری پر کیا جائے اور ریگولیٹرز کی مرمت کی جائے انہوں نے حیردین ڈرین کے شگافوں کو ترجیحی بنیادوں پر بھرنے اور اسکیپ چینلز کے شگافوں کی بھی فوری مرمت یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

Century Express Quetta

# کھیلوں کے انعقاد میں سنجیدہ ہیں، چیف سیکرٹری

## معاشرے کی ترقی میں کھلاڑیوں کا کلیدی کردار ہوتا ہے، عبدالعزیز عقیلی

## کوئٹہ میں قومی سطح کے ایونٹ کے انعقاد سے کھلاڑیوں اور شائقین کے چہرے کھل اٹھے

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں قومی سطح کے ایونٹس کا انعقاد اس بات کی دلیل ہے کہ ہم کھیلوں کے فروغ کیلئے سنجیدہ ہیں (باقی صفحہ 7 نمبر25)

محکمہ کھیل کا بلاتفریق کھیل اور کھلاڑیوں کی سرپرستی کرنا خوش آئند ہے، معاشرے کی ترقی میں کھلاڑیوں کا کلیدی کردار ہوتا ہے جن کو سہولیات اور مواقع فراہم کرنا ہم سب کا فرض ہے، کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کو ابھارنے کیلئے بلوچستان حکومت بھرپور کوشش کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے دوسرا آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان ڈائمنڈ جوبلی ہاکی گولڈ کپ کے افتتاح کے موقع پر کھلاڑیوں شائقین سے بات چیت میں کیا، اس موقع پر سینیٹر ثنا جمالی، سیکرٹری کھیل و امور نوجوانان محمد اسحاق جمالی، ڈائریکٹر جنرل کھیل دردا بلوچ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایکٹیویٹیز محمد آصف لانگو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد آصف فاروقی صدر بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن امجد حق و دیگر موجود تھے اس سے قبل چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے ہاکی گیند کو شارٹ لگا کر افتتاح کیا، پہلے روز تین میچز کھیلے گئے جن میں بلوچستان، سندھ وائٹ اور سندھ گلر نے اپنے اپنے میچز جیت لیے، پہلا میچ سندھ وائٹ اور کشمیر کے مابین کھیلا گیا، دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل کے باعث یہ میچ سندھ وائٹ نے 3 گول کے مقابلے میں 7 گول سے اپنے نام کیا، دوسرا میچ سندھ گلر اور خیبر پختونخواہ کے درمیان کھیلا گیا جس میں سندھ گلر نے ایک گول کے مقابلے میں 3 گول سے جیت لیا، پہلے روز کا آخری میچ میزبان بلوچستان اور گلگت بلتستان کے درمیان کھیلا گیا ہوم گراونڈ پر بلوچستان ٹیم نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین اور مہمان گرامی کا دل جیت لیا، بلوچستان ٹیم نے یہ میچ 0 کے مقابلے میں 8 گول سے اپنے نام کیا، گلگت بلتستان کے ٹیم نے گول پر پے در پے اٹیک کئے لیکن ان کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا کہ آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈائمنڈ جوبلی ہاکی گولڈ کپ میں شرکت کیلئے آنے والی ٹیموں کو کوئٹہ آمد پر خوش آمدید کہتے ہیں کوئٹہ میں کھیلوں کا میگا ایونٹس کا انعقاد سے کھلاڑیوں اور شائقین کا چہرہ کھل اٹھا ہے، نیشنل لیول کے ایونٹس کے انعقاد پر محکمہ کھیل کو مبارکباد پیش کرتا ہوں یہ یونٹ اپنی مثال آپ ہے جس میں ملک بھر سے ٹیموں اور کھلاڑیوں نے شرکت کی ہے جو کہ ہماری کامیابی ہے اس موقع پر سینیٹر ثنا جمالی نے کہا کہ ہاکی پاکستان کا قومی کھیل ہے بلوچستان سے ہاکی کے بڑے بڑے نام نکلے ہیں جنہوں نے صوبے و ملک کا نام عالمی سطح پر روشن کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 7

## آرمی و ایف سی کے تعاون سے متاثرہ علاقوں میں ریلیف آپریشن جاری ہے، پی ڈی ایم اے

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران آواران، قلات، جعفرآباد، نصیرآباد، سبی، جھل مگسی اور کچھی میں 1,694 راشن پیک تقسیم کیے گئے

سبی، جعفرآباد، نصیرآباد، جھل مگسی، کچھی، کوہلو اور صحبت پور میں 57 فری میڈیکل کیمپوں میں 3,997 مریضوں کا علاج کیا گیا

N-10، N-40، N-70 اور N-85 سڑکیں کھلی ہیں، جبکہ روڈ N-65 پنجرا پل پر ڈائیورژن کے ذریعے کھلی ہے، بیان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر میں موسم گرم اور خشک رہا۔ پی ڈی ایم اے آرمی / ایف سی کے تعاون سے آواران، قلات، سبی، جعفرآباد، نصیرآباد، جھل مگسی، کچھی، کوہلو، صحبت پور، قلعہ عبداللہ، ڈیرہ بگٹی اور صحبت پور میں ریلیف اور ریسکیو آپریشن کر رہی ہے۔ کوہلو، صحبت پور اور سبی میں چھ ایمبیڈ......... بقیہ نمبر 17 صفحہ 10 پر

اور ریلیف کیمپ کام کر رہے ہیں۔ امدادی سرگرمیاں کی تفصیلات درج ذیل ہیں آواران، قلات، جعفرآباد، نصیرآباد، سبی، جھل مگسی اور کچھی میں 1,694 راشن پیک تقسیم کیے گئے۔ ایف سی نے کوہلو میں 20 خیمے، 20 چارپائیاں اور 10 پانی کے ڈبے، قلعہ عبداللہ میں 20 راشن پیک اور 200 مچھردانیاں، 480 راشن پیک، 840 کارٹن تیل، 100 کارٹن بوتل پانی، 2000 سے زائد 20 پیسے کی بوتلیں، 2000 سے 2000 پیسے کی بوتلیں تقسیم کیں۔ صحبت پور میں چائے کے 340 ڈبے، 400 کلو چاول، 20 حفظان صحت کی کٹس، پیاز کی 60 بوریاں اور 1400 ایم آر ای۔ جعفرآباد میں این جی اوز ہیومن اپیل، سیلانی ٹرسٹ، الخدمت، پی آر ایس پی، پی ایم سی نے ادویات، پکا ہوا کھانا، راشن پیک اور حفظان صحت کی کٹس تقسیم کیں۔ غیر سرکاری تنظیم الخدمت فاؤنڈیشن نے کچھی میں راشن پیک تقسیم کیا۔ خضدار میں آرمی میڈیکل کیمپ لگایا گیا جہاں 17 آرمی سرجنز اور پیرا میڈیکل سٹاف نے 549 بڑوں اور بچوں کا علاج کیا۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں سبی، جعفرآباد، نصیرآباد، جھل مگسی، کچھی، کوہلو اور صحبت پور میں پی ڈی ایم اے، آرمی، FC اور NGO کی جانب سے کل 57 فری میڈیکل کیمپ لگائے گئے، جہاں 3,997 مریضوں کا علاج کیا گیا۔ سڑکیں N-10، N-40، N-70 اور N-85 کھلی ہیں۔ روڈ N-65 پنجرا پل پر ڈائیورژن کے ذریعے کھلی ہے۔ سڑکیں N-50 اور M-8 صرف ہلکی ٹریفک کے لیے کھلی ہیں۔ روڈ N-25 لنڈا پل ڈائیورژن کے ذریعے کھلی ہے۔ مٹی کی بحالی کے کام سے جانی جانوشکی ٹریک پر ریلوے آپریشن معطل ہو گیا ہے۔ این ایل سی تباہ شدہ ریلوے ٹریک کوئٹہ۔ سبی کی مرمت کا کام کر رہا ہے، بیروک پل کی وجہ سے غیر فعال ہے۔ صحبت پور جنکشن سے ہیم شاہ تک ریلوے لائن سیکشن زیر آب ہونے کی وجہ سے کچھی میں ریلوے آپریشن معطل ہے۔ مرمت کا کام جاری ہے۔ خراب دادو۔ کوئٹہ ٹرانسمیشن لائن نے 9 فیڈرز غیر فعال کر دیے ہیں۔ 302 موبائل کمیونیکیشن ٹاورز جو پہلے بجلی کے مسائل کی وجہ سے ناقابل استعمال تھے اب کام کر رہے ہیں۔ پی ڈی ایم اے، این ڈی ایم اے، آرمی / ایف سی اور این جی اوز صوبے میں سیلاب متاثرین کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن کوششیں کر رہی ہیں۔

## ترکیہ سے امدادی اشیاء و سامان لیکر ٹرین تفتان بارڈر پہنچ گئی

اٹھائیس بوگیوں پر مشتمل ٹرین پر چھ سو تیس ٹن امدادی سامان سے لدا ہوا ہے

امدادی سامان کو ترکیہ کے ہلال احمر کی طرف سے سیلاب متاثرین میں تقسیم کیا جائیگا

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) حکومت ترکیہ کی جانب سے سیلاب متاثرین کیلئے امدادی سامان لے کر ٹرین پاک ایران بارڈر تفتان پہنچ گئی ہے۔ اٹھائیس بوگیوں پر مشتمل ٹرین پر چھ سو تیس ٹن امدادی سامان سے لدا ہوا ہے۔ سیلاب متاثرین کے لیے یہ امدادی سا......... بقیہ نمبر 3 صفحہ 10 پر

مان ترکیہ کے ہلال احمر کی طرف سے بھیجا گیا ہے۔ اٹھائیس بوگیوں پر مشتمل امدادی ٹرین پر چھ سو تیس ٹن امدادی سامان لدا ہوا ہے جس میں ٹینٹ، کمبل، بیسترے، مچھردانیاں اور دوسرا امدادی سامان شامل ہے۔ برادر اسلامی ملک ترکیہ کے ہلال احمر کی طرف سے پاکستان میں سیلاب متاثرین کی امداد کا سلسلہ جاری ہے ٹرین کے ذریعے ترکیہ ہلال احمر کی طرف سے پاکستان کے سیلاب متاثرین کے لیے امداد کا یہ پانچویں کھیپ ہے۔ جو تفتان پہنچی ہے۔ اس سے پہلے اٹھائیس بوگیوں پر مشتمل چار ٹرینوں کے ذریعے دو ہزار ٹن امدادی سامان پہلے ہی پاکستان پہنچ چکا ہے۔ جسے سیلاب متاثرین میں تقسیم کیا جا چکا ہے۔ اس امدادی سامان کو ترکیہ کے ہلال احمر کی طرف سے سیلاب متاثرین میں تقسیم کیا جائے گا۔ جس کے لیے ترکیہ کے ہلال احمر کی ٹیم پہلے ہی کوئٹہ پہنچ چکی ہے۔ جو اس امدادی سامان کی تقسیم اور راشن کی فراہمی میں بھرپور حصہ لے رہی ہے۔ ترکیہ کا ہلال احمر امدادی سامان کے ساتھ سیلاب متاثرین کے لیے راشن کا بھی بندوبست کر رہا ہے۔ ترکیہ کے ہلال احمر کی ٹیم امدادی سامان کی تقسیم کے ساتھ سیلاب متاثرین میں راشن کی فراہمی میں بھی بھرپور حصہ لے رہی ہے۔

## ژوب ڈیرہ اسماعیل خان قومی شاہراہ N-50 ہر قسم کی ٹریفک کے لیے مکمل بند رہے گی

لورالائی (پ ن) ڈپٹی کمشنر ضلع شیرانی اعجاز احمد جعفر کے ایک اعلامیہ کے مطابق آج 24 ستمبر 2022 شام......... بقیہ نمبر 24 صفحہ 10 پر

5 بجے سے آئندہ دو دنوں کے لیے ژوب ڈیرہ اسماعیل خان قومی شاہراہ N-50 ہر قسم کی ٹریفک کے لیے مکمل بند رہے گی کیونکہ پاک فوج کندی عاشق کے قریب سگو میں عارضی طور پر بنایا گیا اسٹیل کا پل ہٹا رہے ہیں جبکہ مشینری وہاں پر مستقل ایک نیا پل تعمیر کریں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 9


# چین کا بلوچستان کے خشک سالی والے علاقوں اور بنجر زمینوں کو سرسبز و شاداب کرنے کا منصوبہ

## گوادر میں کیلے، کھجور، آرکڈز اور انجیر کے تقریباً ایک لاکھ پودے کاشت کیے جا چکے ہیں جسے سنٹرل ساؤتھ یونیورسٹی آف فاریسٹری اینڈ ٹیکنالوجی چائنا نے شروع کیا

### گوادر میں ایک بہت ہی شاندار اور ترقی یافتہ لیبارٹری تیار کی گئی جہاں ٹشو کلچر لیبارٹری کے تجربات کیے گئے ہیں جو خشک سالی کے ماحول میں انتہائی موزوں ہیں، رپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان اور چین نے گوادر سمیت پاکستان کی بنجر زمینوں اور خشک سالی والے علاقوں کو سرسبز و شاداب زمینوں میں تبدیل کرنے کیلئے کام شروع کر دیا ہے، گوادر میں مختلف اقسام کے پھلوں اور تعمیراتی کام میں استعمال ہونے والے درختوں کی کاشت کیلئے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق چین اور پاکستان کے سائنسدان گوادر میں بندرگاہی شہر بنانے کے لیے مختلف قسم کے پودوں کی مقامی حالات کے مطابق تیاری پر کام کر رہے ہیں جس میں انہیں کامیابی بھی ملی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ بیلٹ اینڈ روڈ انجینئرنگ ریسرچ سینٹر فار ٹراپیکل ایرڈ نان ووڈ فاریسٹ کے تحت اب تک کیلے، کھجور، آرکڈز اور انجیر کے تقریباً 100,000 پودے کاشت کیے جا چکے ہیں جسے سنٹرل ساؤتھ یونیورسٹی آف فاریسٹری اینڈ ٹیکنالوجی چائنا اوور سیز پورٹس نے مشترکہ طور پر شروع کیا ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ اب گوادر میں تحقیقی مرکز کے تحت پاک چین تعاون مزید بڑھ رہا ہے، پاکستان کی جامعات بشمول کراچی انڈس یونیورسٹی اور یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد نے تحقیق میں حصہ لیا ہے۔ جامعہ کراچی کے شعبہ نباتیات کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف عدنان کے مطابق چین اور پاکستان کے محققین مل کر بنجر زمینوں اور خشک سالی کے علاقوں بالخصوص گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں کو سرسبز و شاداب زمینوں میں تبدیل کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں، اس طرح ہم گلوبل وارمنگ اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ گوادر میں ایک بہت ہی شاندار اور ترقی یافتہ لیبارٹری تیار......

بقیہ نمبر 15 صفحہ 11 پر

کی گئی ہے اور وہاں ٹشو کلچر لیبارٹری کے تجربات کیے گئے ہیں۔ ہم وہاں ایسی اقسام کاشت کر رہے ہیں جو خشک سالی کے ماحول میں انتہائی موزوں ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 10


# بلوچستان بھی ڈینگی کی لپیٹ میں آگیا، تین اضلاع سے 127 کیسز رپورٹ

## رواں ہفتے کے دوران کیچ میں 72، گوادر میں 26 اور لسبیلہ میں 29 ڈینگی کے کیسز سامنے آئے ہیں ہسپتالوں میں مریضوں کا رش

## پنجاب، خیبرپختونخوا اور اسلام آباد میں صورتحال بے قابو ہونے لگی، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں زیادہ کیسز سامنے آنے لگے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان سمیت ملک بھر میں ڈینگی کے تیزی سے پھیلاؤ نے خطرے کی گھنٹی بجا دی، بلوچستان بھی ڈینگی کی لپیٹ میں......... بقیہ نمبر21صفحہ 9پر

آ گیا، بلوچستان کے تین اضلاع گوادر، کیچ اور لسبیلہ ڈینگی سے متاثر ہیں، رواں ہفتے کے دوران صوبے میں ڈینگی کے 127 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، کیچ میں 72، گوادر میں 26 اور لسبیلہ میں 29 ڈینگی کے کیسز سامنے آئے ہیں، رواں سال صوبے میں رجسٹرڈ ڈینگی کیسز کی تعداد 3ہزار 198 ہو چکی ہے۔ دوسری جانب ماہرین کا کہنا ہے کہ بخار یا جسم درد کی صورت میں فوری ڈینگی ٹیسٹ کرائیں۔ کراچی کے 31 ہسپتالوں کے کورونا وارڈز ڈینگی آئسولیشن وارڈز میں تبدیل ہوگئے، پنجاب، خیبرپختونخوا اور اسلام آباد میں صورتحال بے قابو ہونے لگی، سیلاب متاثرہ علاقوں میں زیادہ کیسز سامنے آنے لگے۔ اسلام آباد میں ڈینگی بے قابو ہوگیا، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 104 نئے کیسز سامنے آئے، شہری علاقوں میں 56 کیسز، دیہی علاقوں میں 48 نئے کیسز سامنے آئے جس سے ڈینگی کیسز کی مجموعی تعداد 1923 ہوگئی۔ دیہی علاقوں میں ڈینگی کیسز کی تعداد 1150 ہوگئی، شہری علاقوں میں ڈینگی کیسز کی تعداد 773 ہے، اب تک ڈینگی سے 6افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، پمز ہسپتال میں ڈینگی کیسز کی تعداد 292 ہے، پولی کلینک میں 80، کیپٹل ہسپتال میں 40 مریض زیر علاج ہیں۔ ادھر پنجاب بھر میں ڈینگی کی صورتحال پوری طرح بے قابو ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبہ بھر سے ڈینگی کے 385 مریض رپورٹ ہوئے۔ سیکرٹری صحت پنجاب کے مطابق لاہور سے 186، راولپنڈی سے 100، گوجرانوالہ سے 32 کیسز رپورٹ ہوئے، ملتان سے 13، شیخوپورہ، اوکاڑہ اور حافظ آباد سے 5،5 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ فیصل آباد، خانیوال سے 4، گجرات، بہاولپور، چکوال سے 3، 3 کیسز رپورٹ ہوئے، قصور، اٹک، ساہیوال، سرگودھا، مظفرگڑھ، بہاولنگر، رحیم یار خان سے 2،2 کیس سامنے آئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ سیالکوٹ، وہاڑی، ننکانہ صاحب، نارووال، ڈیرہ غازی خان، ٹوبہ ٹیک سنگھ، میانوالی، لیہ سے ایک، ایک کیس رپورٹ ہوا ہے، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ڈینگی وائرس کے باعث کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی، رواں سال اب تک پنجاب بھر میں ڈینگی بخار سے 8 ہلاکتیں رپورٹ ہوئی ہیں۔ لاہور سمیت صوبہ بھر کے ہسپتالوں میں ڈینگی کے 1126 مریض داخل ہیں، لاہور کے ہسپتالوں میں ڈینگی کے 262 مریض داخل ہیں۔ کراچی سمیت سندھ بھر میں ڈینگی کے کیسز میں مسلسل اضافہ ہوا ہے، گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران مزید 335 نئے کیسز سامنے آگئے ہیں۔ محکمہ صحت سندھ کے مطابق 335 میں سے 257 کیسز کا تعلق کراچی سے ہے، رواں ماہ یکم ستمبر سے لیکر ابتک کراچی میں 4 ہزار 318 کیسز رپورٹ ہوئے۔ گزشتہ ماہ اگست میں کراچی بھر میں 1265 کیسز رپورٹ ہوئے تھے، محکمہ صحت سندھ کا کہنا ہے کہ ابتک رواں سال سندھ بھر میں 7 ہزار 532 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں جبکہ کراچی میں ڈینگی سے 32 اور حیدر آباد میں 1 شخص ڈینگی وائرس سے جاں بحق ہوا ہے۔ پشاور سمیت خیبرپختونخوا میں بھی ڈینگی کے حملے جاری ہیں، پشاور میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ڈینگی بخار نے ایک اور جان لے جس سے جاں بحق مریضوں کی تعداد 7 ہوگئی۔ محکمہ صحت کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں ڈینگی کے مزید 259 کیسز سامنے آئے، پشاور سے 175، ہری پور سے 34، خیبر سے 21 کیسز رپورٹ ہوئے، صوبہ بھر میں ایکٹیو کیسز کی تعداد 1ہزار 615 ہوگئی جبکہ مجموعی کیسز کی تعداد 6ہزار 412 تک جا پہنچی ہے۔ پشاور میں اس وقت ڈینگی کے 125 مریض مختلف ہسپتالوں میں داخل ہیں، صوبے میں مردان، پشاور اور خیبر ڈینگی وائرس کی لپیٹ میں ہیں، اب تک مجموعی طور پر مردان میں سب سے زیادہ 1ہزار 918، پشاور میں 1ہزار 695، خیبر 687 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 14


## جعفرآباد: امداد نہ ملنے کیخلاف سیلاب متاثرین کا احتجاج، قومی شاہراہ بلاک

ہم ایک ماہ سے اپنے معصوم بچوں کے ہمراہ کھلے آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں، تاہم کوئی پرسان حال نہیں، متاثرین کا موقف

سیلابی ریلا آنے کے باعث بائی پاس کے قرب وجوار کی بڑی آبادی زیر آب آگئی تھی لیکن حکومتی امداد اہم تک نہیں پہنچ رہی

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) جعفرآباد ضلعی انتظامیہ کے خلاف سیلاب متاثرین نے 18 ویں بار قومی شاہراہ بلاک کر دی متاثرین سیلاب کے صبر کا پیمانہ اب لبریز ہو چکا ہے حکومت کی جانب سے کسی قسم کی امداد نہیں مل رہی ہم ایک ماہ سے اپنے معصوم بچوں کے ہمراہ کھلے......

بقیہ نمبر 46 صفحہ 9 پر

آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں کوئی پرسان حال نہیں ضلعی انتظامیہ نظر ہی نہیں آرہی متاثرین سیلاب نے ڈپٹی کمشنر کو کرپٹ کہہ دیا مظاہرین کا مزید کہنا تھا کہ حکومتی امداد ان تک نہیں پہنچ رہی سیلابی ریلا آنے کے باعث بائی پاس کے قرب وجوار کی بڑی آبادی زیر آب آگئی تھی گوٹھ تاج محمد راہوجہ کے سیلاب متاثرین نے بائی پاس پر پہنچ کر رکاوٹیں کھڑی کر دی جس سے بائی پاس مکمل طور پر بند ہو گیا مقامی صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سابق کونسلر گلاب خان راہوجہ، رئیس محمد ایوب راہوجہ، راجہ خان راہوجہ علی گل راہوجہ ودیگر کا کہنا تھا کہ جعفرآباد میں سیلابی ریلے سے سب سے پہلے ہم بے گھر ہوئے اور بائی پاس پر ایک پٹرول پمپ کے سامنے کھلے میدان میں پناہ لی ہوئی ہے

## تندور ایسوسی ایشن نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے روٹی کا نیا نرخ نامہ مسترد کر دیا، ہڑتال کی دھمکی

آٹے، گیس کی قیمتوں میں اضافے کے تناسب سے روٹی کا نیا نرخ نامہ نہ دیا گیا تو ہڑتال سمیت احتجاج پر مجبور ہونگے، رضا خان خلجی

300 گرام روٹی 30 اور 200 گرام روٹی 20 روپے کے ریٹ پر روٹی فراہم نہیں کر سکتے، قاری سمیع اللہ ودیگر کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے روٹی کے نئے نرخ نامے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ آٹے، گیس کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے تناسب سے تندور والوں کو روٹی کا نیا نرخ نامہ دیا جائے بصورت دیگر آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن ہڑتال سمیت احتجاج پر مجبور ہوگی۔ یہ بات آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن کے صدر......

بقیہ نمبر 21 صفحہ 10 پر

حاجی رضا خان خلجی، قاری سمیع اللہ اور دیگر نے اتوار کو آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آٹے اور گیس کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے لیکن انتظامیہ کی جانب سے 300 گرام روٹی 30 اور 200 گرام روٹی 20 روپے میں فروخت کرنے کا آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن کو جو نرخ نامہ دیا گیا ہے وہ انتہائی کم ہے اس ریٹ پر روٹی فراہم نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ بار بار حکومت اور ضلعی انتظامیہ کو مہنگائی اور آٹے، گیس کی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تندور والوں 150 گرام پیڑہ 20 اور 250 گرام پیڑہ 30 روپے میں فروخت کرنے کی اجازت دی جائے اب جبکہ انتظامیہ نے روٹی کا نیا نرخ نامہ دیا ہے اسے آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن مسترد کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ آٹے اور گیس کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کو مدنظر رکھتے ہوئے ریٹ دیا جائے بصورت دیگر آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن احتجاج پر مجبور ہوگی جس کی تمام تر ذمہ داری ضلعی انتظامیہ پر عائد ہوگی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 15


## بھاگ، رقوم میں کٹوتی، بی آئی ایس پی مستحقین پریشان، احتجاج کی دھمکی

**پانچ سو سے دو ہزار تک کٹوتی کی جارہی ہے، رقوم ہڑپ کرنے کیلئے پہلے انگوٹھا لگوا کر بعد میں پیسے نہ آنے کا بہانہ کیا جاتا ہے، مستحقین کی فریاد**

بھاگ (نامہ نگار) بی آئی ایس پی مستحقین نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کی رقوم میں کٹوتی کا فوری نوٹس لے کر انکوائری کی جائے اور مستحقین کو مزید پریشانیوں سے نجات دلائی جائے انہوں نے کہا کہ بھاگ شہر میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام بی آئی ایس پی احساس سینٹر والوں کی چاندی ہوگئی ہے مستحقین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں رقوم میں کٹوتی کا سلسلہ جاری ہے غریب لوگ شکایتیں اور فریاد کر کرکے تھک گئے ہیں لیکن نوٹس لینے والا کوئی نہیں ایک طرف سیلاب نے تباہی مچادی ہے ہر گھر اور ہر فرد سیلاب سے متاثر ہوا ہے کھانے کیلئے کچھ نہیں دوسری طرف بی آئی ایس پی اہلکاران مستحقین سے بھی کٹوتی کر کے ظلم کی داستان رقم کررہے ہیں مستحقین سے پانچ سو ایک ہزار تک کی کٹوتی کی جارہی ہے بعض مستحقین سے تو دو ہزار کی کٹوتی بھی کی جارہی ہے اگر کسی نے پیسے دینے سے انکار کردیا تو اس کو کہا جاتا ہے کہ آپ کا انگوٹھا ڈیوائس نہیں اٹھا رہا ہے یہ بھی اطلاعات ہیں کہ پہلے انگوٹھا لگوا کر بعد میں مستحقین کو کہا جاتا ہے کہ آپ کے پیسے نہیں آئے ہیں انگوٹھا لگوانے کے بعد وہ پیسے ریٹیلر ہڑپ کرجاتے ہیں یہ سلسلہ نہ رکا تو ہم سخت احتجاج پر مجبور ہوجائیںگے۔

## بااثر افراد کی طرف سے جدی پشتی زمینوں پر قبضہ کرنے کا نوٹس لیا جائے

**مخالفین کے کہنے پر گرفتار کر کے اذیتیں دی جاتی ہیں، جھل مگسی میرپور کے علی محمد پٹھان، ولی محمد پٹھان کا بیان**

گنداواہ (پ ر) یونین کونسل میر پور کے مکینوں علی محمد پٹھان اور ولی محمد پٹھان نے کہا ہے کہ علاقہ کے کچھ بااثر افراد جن کو پولیس کی آشیرباد حاصل ہے آئے دن ہماری زمینوں پر قبضہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں گذشتہ دنوں جب ہم نے انہیں اپنی زمینوں پر ہل چلانے نہیں دیا تو پولیس کی ملی بھگت سے ہمیں گرفتار کیا گیا ہمیں کہا گیا کہ زمین ان کے حوالے کردیں تو چھوڑ دیں گے دو دن تک ہمیں ایک کمرے میں بند کیا گیا ہم نے ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کو درخواست دی اور متعلقہ حکام کو اپنی زمینوں کے کاغذات دکھائے انہوں نے کہا کہ اپنے باپ دادا کی زمینیں ہر سال آباد کر کے اپنی گزر بسر کرتے ہیں پولیس کی پشت پناہی میں ہماری زمینوں پر ہل چلانے کی کوششیں کی جارہی ہیں جب پولیس سے مدد مانگتے ہیں تو کہا جاتا ہے کہ یہ علاقہ ہمارا نہیں ہے مگر مخالفین کی شکایت پر ہمیں گرفتار بھی کیا جاتا ہے اور اذیتیں بھی دی جاتی ہیں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، آئی جی پولیس، ایم این اے جھل مگسی، ایم پی اے، ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر سے مطالبہ کیا کہ پولیس اور بااثر افراد کی طرف سے جدی پشتی زمینوں پر قبضہ کرنے کا نوٹس لیکر انصاف فراہم کیا جائے۔


MASHRIQ QUETTA


## کوئٹہ، دودھ، دہی اور گوشت کی قیمتوں میں من مانا اضافہ، عوام کو مشکلات

**سرکاری نرخنامہ کو دودھ فروشوں نے ہوا میں اڑا دیا، دودھ 150 روپے اور دہی 180 روپے فی کلو میں فروخت کیا جارہا ہے**

**بکرے کا گوشت سولہ سو روپے فی کلو تک جبکہ بڑا گوشت آٹھ سے ساڑھے آٹھ سو روپے فی کلو فروخت ہورہا ہے، شہری پریشان**

**گرانفروشوں کیخلاف کارروائی جاری ہے اب تک دو درجن سے زائد گراں فروشوں کو گرفتار اور جرمانے کئے گئے ہیں، ضلعی انتظامیہ**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں دودھ اور دہی کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں، دودھ 150 روپے اور دہی 180 روپے فی کلو میں فروخت کیا جارہا ہے شہریوں کا شکوہ ہے کہ انتظامیہ کی گراں فروشوں کیخلاف کارروائی نہ ہونے کے برابر ہے اور پرائس........ بقیہ نمبر 19 صفحہ 9 پر

کنٹرول کمیٹیاں بے بس دکھائی دیتی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کی آبادی میں اضافے کیساتھ ہی دودھ اور دہی کی مانگ بھی بڑھ رہی ہے، شہر میں دودھ اور دہی من مانی قیمتوں پر فروخت کیا جارہا ہے شہر میں دودھ 150 سے 160 روپے فی کلو جبکہ دہی 180 روپے فی کلو میں فروخت کیا جارہا ہے انتظامیہ نے شہر کیلئے دودھ 135 روپے فی لٹر جبکہ دہی 145 روپے کا سرکاری نرخ مقرر کیا گیا ہے لیکن سرکاری نرخنامہ کو دودھ فروشوں نے ہوا میں اڑا دیا ہے لیکن پوچھنے والا کوئی نہیں، صارفین اور دودھ فروش دونوں ہی مہنگائی کا رونا رو رہے ہیں اور بظاہر پرائس کنٹرول کمیٹیاں مہنگائی کے جن کو قابو کرنے میں ناکام دکھائی دے رہی ہیں ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ گراں فروشوں کیخلاف کارروائی کررہے ہیں اب تک دو درجن سے زائد گراں فروشوں کو گرفتار اور جرمانے کئے گئے ہیں سرکاری نرخ نامہ پر عمل درآمد کو ہر صورت یقینی بنائیں گے۔ دریں اثنا کوئٹہ میں مٹن اور بیل کا گوشت من مانی قیمتوں پر فروخت کیا جارہا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ پرائس کنٹرول کمیٹی گراں فروشوں کیخلاف کارروائی سے گریزاں ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں بکرے کے گوشت کی سرکاری قیمت گیارہ سو روپے فی کلو مقرر کی گئی ہے

## قلت آب — کروڑوں روپے کے فنڈز غائب، کوئٹہ کربلا بن گیا

**ناقص پالیسیوں کے باعث شہری پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، محمد اصغر**

**واسا میں ٹھیکیداری نظام کے تحت ناقص مشینری کی سپلائی کی وجہ سے آئے روز ٹیوب ویلز خراب ہوجاتے ہیں، شفیق شاہ**

کوئٹہ (خبر نگار سروے) صوبائی دارالحکومت میں پینے کا پانی نایاب، شہری خوار، حکومت خواب غفلت میں، واسا کی جانب سے پانی کی فراہمی میں ناکامی کا ذمہ دار کس کو ٹھہرائیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان پانی کی فراہمی کے لیے اپنے اختیارات استعمال کریں، شہریوں کا مطالبہ۔ جان محمد روڈ، پیر عبدالخیر روڈ، میکانگی روڈ کے مکینوں محمد اصغر، سابق ناظم شفیق شاہ، اسد، ارشد احمد، محمد دانیال، محمد نعیم، امجد خان، حافظ شہزاد، صادق محمود، طاہر محمود، طلال احمد، بلال احمد اور دیگر نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کیا ہے، شہریوں کا کہنا تھا کوئٹہ ہمیشہ بلوچستان میں ریکارڈ توڑ بارشوں کے باوجود واسا کے سسٹم میں پانی کی سپلائی شہری ضرورت کو پورا نہیں کر رہی واسا میں ٹھیکیداری نظام کے تحت ناقص مشینری کی سپلائی کی وجہ سے آئے روز ٹیوب ویلز خراب ہوجاتے ہیں جبکہ نجی واٹر ٹینکرز والوں کے نہ ٹیوب ویل خراب ہوتے ہیں نہ ان کی بجلی کٹتی ہے ان ناقص پالیسیوں کے باعث شہری پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں مگر صوبائی وزیر واسا سمیت حکام ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھے ہیں شہریوں نے مزید کہا کہ پرائیویٹ ٹیوب ویلز مافیا کی ملی بھگت کے باعث اس وقت شہر میں پانی کا ایک ٹینکر 2500 سے لیکر 5000 تک فروخت ہورہا ہے کوئٹہ شہر کربلا کا منظر پیش کرنے لگا ہے ٹینکر مافیا نے بھی موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کردیا ہے، شہریوں کی وزیر اعلیٰ اور چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ سے فوری نوٹس لیکر پانی کی سپلائی کو شہر کے ہر گھر تک پہنچانے کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 26 SEP 2022 Page No. 18


## ڈیرہ مراد جمالی، مسلح افراد کی فائرنگ سے بچی سمیت 2 افراد ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ کر کے بچی سمیت دو افراد کو ہلاک کر دیا۔ فائرنگ سے دو بھائیوں سمیت پانچ افراد شدید زخمی بھی ہوئے۔ واقعہ کے بعد پولیس نے علاقہ کی ناکہ بندی کر دی ملزمان فرار ہونے میں کامیاب۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ چھتر کی حدود گوٹھ موندر کے مقام پر مسلح افراد نے گھر میں گھس کر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں سمندر اور بچی شنلہ موقع پر جاں بحق جبکہ دو بھائیوں امجد علی، احمد علی سمیت پانچ افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کے بعد لاڑکانہ منتقل کر دیا گیا۔

## بیلہ: قتل کے مقدمے میں مطلوب 14 افراد گرفتار

بیلہ (نامہ نگار) محمودانی بھٹ میں جھگڑے کے دوران قتل ہونے والے رمضان کے مقدمے میں 2 روز میں 14 نامزد ملزمان گرفتار کر لیے گئے ہیں پولیس کے مطابق مزید پانچ افراد بھی جلد گرفتار کر لیے جائیں گے۔

## پنجگور: پولیس کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور میں فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق داود ولد اللہ بخش اپنی کار میں جا رہے تھے کہ پولیس نے روکنے کی کوشش کی اور نہ رکنے پر پولیس نے فائرنگ کی جس سے وہ زخمی ہو گیا زخمی کو پنجگور ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## تربت و ماشکیل، فائرنگ 2 افراد جاں بحق

تربت/واشک (نامہ نگاران) تربت کے علاقے بہمن میں گاڑی میں سوار افراد کی فائرنگ سے محمد شعیب ولد محمود احمد سکنہ کلاتک جاں بحق ہو گیا واشک سے نامہ نگار کے مطابق ماشکیل بچرائی بارڈر پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جلال احمد ولد پیر محمد جاں بحق ہو گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 20


## بلوچستان میں کسانوں کو 15.83 ارب روپے کی سبسڈی دینے کا فیصلہ

حکومت بلوچستان نے صوبے میں زرعی بحالی پلان اور فوڈ سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے کسانوں کو 15 ارب 83 کروڑوں روپے کی سبسڈی فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو کی زیر صدارت اجلاس میں سیلاب سے زرعی شعبے کو پہنچنے والے نقصانات کا جائزہ لیتے ہوئے آگاہ کیا گیا کہ سیلاب سے خریف فصلوں کا 52 فیصد رقبہ متاثر ہوا زرعی شعبے کے نقصانات کے باعث خوراک کی قلت کا بھی خدشہ ہے۔ اس لئے کسانوں کو سبسڈی کی فراہمی ضروری ہے منصوبے کے تحت زرعی بیجوں پر کسانوں کو 6.71 ارب کھاد پر 6.47 ارب اور سولر سسٹم کی بحالی اور بورنگ کے لئے 2.62 ارب روپے کی سبسڈی دی جائے گی یہ بارانی اور نہری دونوں علاقوں کے لئے ہوگی۔ سیلاب سے زرعی شعبے کو جو نقصانات ہوئے ہیں ان کا ازالہ حکومت کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں صوبائی حکومت نے کسانوں کو سبسڈی دینے کا جو فیصلہ کیا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ نقصانات اتنے زیادہ ہیں کہ شاید یہ سبسڈی بھی کم پڑ جائے۔ لیکن صوبائی حکومت نے واضح طور پر یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ اضافی وسائل فراہم کر کے ہر شعبے کو پہنچنے والے نقصانات کا ازالہ کرے گی۔ زرعی شعبہ اس لئے خصوصی توجہ کا مستحق ہے کہ یہ عوام کی آٹے گندم سمیت غذائی اشیاء کی ضروریات کو پورا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے غذائی اشیاء کی قلت غریب طبقات کے لئے بہت تشویش کی حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صوبائی حکومت نے زرعی بحالی پلان اور فوڈ سکیورٹی کے حوالے سے دوررس اقدامات کا آغاز کر دیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 23

# Package for farmers

Though it is late but still encouraging that the Balochistan government has approved a subsidy of Rs15.83 billion to help farmers in flood-affected areas of the province overcome their losses. A high-level meeting chaired by Chief Minister Abdul Quddus Bizenjo on Friday decided to provide the subsidy as part of the rehabilitation plan for agriculture and food security. The meeting also decided to increase the subsidy in line with the amount announced by other provinces for their respective agriculture sectors. It was also informed the meeting that the government would provide Rs6.71bn subsidy for seeds, Rs6.47bn for fertilizer and Rs2.62bn for restoring solar systems and tubewells. The floods and rains have affected 52 per cent land while the stock of different seeds was also destroyed. The canal system was also affected in Nasirabad division and other areas. It is time that government extend all possible help to the farmers because they badly needed the federal government to extend maximum financial help to the farmers. Agriculture is the backbone of the economy of the province. Approximately, 70 percent people of Balochistan are directly or indirectly associated with the agriculture sector to make a living. The economy of medium- and small-size farmers has been dealt a serious blow at a time when various crops were at the harvesting stage. Besides cotton, vegetables, onion and tomato crops have been destroyed. The expenses incurred by farmers have been wasted and growers will have to reinvest in other crops once the rainwater has receded. The heavy and fast floods have not only destroyed agriculture tube-wells and standing crops but they have also badly damaged the farming lands. Erosion and submerged conditions also disturb the farmlands' fertility leading to water logged soils, which will then need proper rehabilitation. The farmers of Balochistan were already facing different challenges such as load-shedding, low prices and production of different crops, and now the natural calamity in the shape of heavy downpours and floods pushed them back and it would take decades for them to stand once again on their feet. Therefore, it is essential that the federal and the provincial governments, after having fulfilled the basic needs of shelter, food, clean drinking water and health supplies, should make available to farmers a free Agri-package including seeds, fertilizers, pesticides, small tools and instruments. Agriculture lands spreading thousands of hectares have become uncultivable due to immense erosion. Therefore, the government and concerned departments must carry out a proper survey and provide all support to farmers, particularly providing them bulldozer hours for leveling damaged lands.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 2

Dated: 26 SEP 2022 Page No. 24

# سیلاب کے صحت پر اثرات



تحریر: ڈاکٹر مقبول احمد لانگو

بارش اللہ کی رحمت ہے اس میں کوئی شک کی گنجائش نہیں اور اس رحمت کیلئے لوگ اللہ سے ہمیشہ دعا کرتے ہے کہ خیر کی بارش ہو کیوں کہ بارش اپنے ساتھ بڑی آزمائشیں ساتھ لاتی ہے جو انسان کیلئے ناقابل برداشت ہوتی ہے۔ انسان بہت کمزور ہے۔ جسمانی اور نفسیاتی دونوں اعتبار سے جلد ہی بیمار پڑ جاتا ہے۔ جب زیادہ بارش ہوتی ہے تو وہ سیلاب کی صورت میں تباہی لاتی ہے جس میں لوگ گھروں سے بے دخل ہو جاتے ہے اور انہیں مختلف مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہیں۔ جس میں سے ایک بڑی مصیبت صحت کا مسئلہ ہے۔ سیلاب کے دوران مختلف بیماریاں پھیلتی ہے جن میں چند بیماریاں جان لیوا بھی ثابت ہو سکتی ہے مثلاً ملیریا، ٹائیفائیڈ، دست الٹی، نمونیا اور سانپ کا کاٹنا وغیرہ وغیرہ شامل ہیں۔ اگر ان بیماریوں پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو یہ جان لیوا ثابت ہو جائیں گے۔ اس طرح بہت سے قیمتی جانیں ضائع ہو جائیں گی۔ ان قیمتی جانوں کی حفاظت ہم سب پر فرض ہے جو جس شعبہ سے تعلق رکھتا ہے وہ اسی کے مطابق اپنا حصہ ڈالیں۔

کیوں کہ میرا تعلق طب کے پیشہ سے ہے تو میں اپنی ساری توجہ صحت پہ معمور کروں گا۔ سب سے پہلے میں نفسیاتی مسئلہ پر گفتگو کروں گا کیونکہ سب سے پہلے سیلاب زدگان جب بے گھر ہو جاتے ہیں تو وہ ذہنی دباؤ کا شکار ہوتے ہیں اور مایوس ہو کر ہمت ہار جاتے ہیں۔ سب سے پہلے ہمیں چاہیے کہ اس کیفیت کو جتنی کم کی جاسکتی ہے کی جائے۔ دوسری بیماری جو خطرناک ثابت ہو سکتی ہے وہ ہے دست الٹی۔ اس کو بھی اگر بروقت قابو نہ پایا گیا تو یہ بیماری جان لے سکتی ہے۔ ٹائفائیڈ بھی ایک ایسی بیماری ہے جو کہ متاثرہ پانی کی وجہ سے پھیلتا ہے یہ بھی خطرناک بیماریوں میں سے ایک ہے۔ پانی کھڑے ہونے کی وجہ سے مچھر بھی کافی تعداد میں پیدا ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ملیریا جیسے معلق بیماری جنم لیتی ہے۔ ان تمام طبی بیماریوں کے علاوہ سانپ جیسے حشرات بھی وافر مقدار میں پانی کیساتھ آجاتے ہیں۔ جن کے کاٹنے کا خطرہ ہر وقت رہتا ہے۔ اکثر ان کا کاٹنا بھی جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔

اندازہ کریں کہ ان تمام مسائل سے سیلاب زدگان کی حالت کا بخوبی علم ہوجانا چاہیے۔ ان کی مدد مختلف طریقوں سے کی جاسکتی ہے۔ پہلے تو سرکار کی ذمداری بنتی ہے کہ ان کی ہر طرح مدد کریں اور ملک میں موجود این جی اوز کی ذمہ واری بنتی ہے کہ وہ ہر ممکن مدد کریں۔ محکمہ صحت نے سیکٹری صحت کی ماتحت ٹیم تشکیل دی ہے جو کہ مختلف متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں گی اور جہاں کہیں بھی ضرورت ہوئی وہاں ڈاکٹرز، پیرہ میڈکس، نرسنگ سٹاف اور فارماسسٹ کی ٹیم فورا بھیج دی جائیں گی۔ جتنے بھی صحت سے متعلق تنظیمیں ہیں ان کی طرف سے بھی امدادی کارروائیوں میں تیزی دیکھی جارہی ہے جو کہ خوش آئند ہے۔۔ ان تنظیموں میں سے بلوچستان میڈیکل ٹیچر ایسوی ایشن مختلف عطیات کہ ذریعے ماہر ڈاکٹرز کے ساتھ مختلف ٹیمیں تشکیل دی ہے جو کہ مختلف متاثرہ علاقوں میں جاکے سیلاب زدگان کی مدد کریں گیں۔ ان ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم میں مختلف شعبہ جات سے ڈاکٹرز لئے گئے ہیں، جو کہ مختلف بیماریوں کے علاج کے ماہر ہے۔ ٹیم کیساتھ وافر مقدار میں مختلف بقسم کے ادویات بھی شامل ہے جو کہ مفت لوگوں میں تقسیم کی جائیں گی۔ اسی طرح کسی فیس کے بغیر علاج کریں گیں۔ اگر یہ جذبہ ہر تنظیم کا ہو تو انشاء اللہ سیلاب زدگان کو کوئی تکلیف نہیں ہو گی۔ اس معاملے میں وائی۔ ڈی۔ اے کی تنظیم بھی اگے اگے ہے۔ ہم پوری عوام سے اپیل کرتے ہے کہ جتنی ہو سکے مالی و جانی تعاون جاری رکھے۔ انشاءاللہ ہم سب مل کر اس مصیبت کا مقابلہ کرینگے اور اللہ پاک سے دعا کرتے ہیں کہ ہمیں صبر کی توفیق دیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Bullet No. 7

Dated: 25 SEP 2022 Page No. 26

## Gas pipeline blown up near Dera Bugti

By Saleem Shahid

QUETTA: The main pipeline supplying gas to many areas of Balochistan was blown up by unidentified attackers near Dera Bugti on Saturday, officials said.

According to Levies officials, armed men planted an explosive device under the pipeline supplying gas to Dera Bugti and other areas from the Loti gas field in the early hours of the day.

The supply from the plant has been suspended after the attack. Officials said that work to repair the damaged pipeline would start after security clearance.

An investigation has been launched into the attack. No organisation has claimed responsibility for the attack so far.

## University of Turbat allowed new PhD programmes

**QUETTA: The Higher Education Commission (HEC) has issued a no-objection certificate to the University of Turbat for launching new Doctor of Philosophy and Master of Philosophy programmes.**

**The Quality Assurance Division of the HEC has affirmed that the university has met the minimum requirements and standards set by the commission to launch a PhD programme in Balochi, and MPhil and PhD programmes in Biochemistry.**

**Calling it a great achievement for the university, Vice Chancellor Prof Dr Jan Mohammad said all possible measures would be taken to promote higher and advanced studies in the university.**

**—Staff Correspondent**

Tribune Express Karachi

## UoT to offer PhD degree in Balochi language

OUR CORRESPONDENT
QUETTA

The Higher Education Commission (HEC) of Pakistan has issued no objection certificate (NOC) to the University of Turbat (UoT) for the launching of the Doctor of Philosophy (PhD) Balochi language and the Master of Philosophy (MPhil), PhD programs in Biochemistry as well.

In miscellaneous letters issued by the HEC here on September 21, the quality assurance division (QAD) of HEC has affirmed that the UoT meets the minimum requirements and standards devised by the HEC for the launching of the PhD program in Balochi language, and the MPhil, PhD programs in Biochemistry, said a press release issued here on Staturday.

Appreciating the efforts of Professor Dr Abdul Saboor Baloch, Dean Faculty of Arts, Social Science and Humanities, Dr Abdul Rauf, Assistant Professor IBLC, Dr Abdul Ghafoor Shad, Assistant Professor IBLC, and Dr Haneefur Rahman, Dean Faculty of Science and Engineering, Dr Jahangir Khan, Chairperson Natural and Basic Science Department, Dr Amir Zeb, Assistant Professor, Dr Niamatullah, Assistant Professor and other faculty members of both faculties for this great achievement, Vice-Chancellor, UoT, Professor Dr Jan Muhammad in his message has assured that all possible measures would be taken for the promotion of higher and advanced studies in Turbat University.

He said that there would be no compromise on all academic programs including M Phil/MS and PhD programs in the university.

He said that all-out efforts would be made to place HEC on international standards in the research activities in the university.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: DAWN KARACHI

Dated: 25 SEP 2022 Page No. 27

Bullet No. 7

# Bizenjo invites JUI-F to join Balochistan cabinet

By Saleem Shahid

QUETTA: As negotiations for inducting the Jamiat Ulema-i-Islam (Fazl) as a coalition partner into the Balochistan cabinet entered the final stage, Chief Minister Mir Abdul Qudoos Bizenjo on Saturday said no minister or adviser would be removed from the cabinet and JUI-F would be adjusted in the cabinet according to its strength.

Mr Bizenjo spent a hectic day having a series of meetings with MPAs from the ruling Balochistan Awami Party (BAP), leaders of the JUI-F and other parties having representation in the provincial assembly.

The chief minister went to the residence of JUI-F provincial head Maulana Abdul Wasay and discussed his party's induction into the cabinet. Sources said the JUI-F leader informed the CM that the JUI-F was ready to join the government, with conditions related to number of ministries and portfolios.

Maulana Wasay said after the meeting, "Our meeting was held on the desire of the chief minister in which Mr Bizenjo sought two days to finalise the issue."

He said the situation would be clear till Monday. However, he added, the JUI-F would not compromise on principles. "JUI-F will continue serving the people of the province either in the opposition or in the government," he remarked.

Later, in a media talk, the CM refuted the impression that the ruling BAP had differences over the induction of the JUI-F in the cabinet and said that he enjoyed the confidence of other party members on the issue of making JUI-F part of the cabinet.

After visiting the Balochistan Institute of Nephrology and Urology, the CM told the media that he had invited the JUI-F to join the coalition government in the province. "They should come and join the cabinet as he was elected leader of the house unopposed by all political parties, so the JUI-F also has a role in the government and it is better that they should join the government," he explained.

Mr Bizenjo said he would not remove any minister or adviser but at the same time he said that the BAP leaders would "definitely render sacrifice" to bring all parties on one page in the larger interest of the province and better governance.

The chief minister had also invited Balochistan National Party-Mengal (BNP-M) to join the government in a meeting with Sardar Akhtar Jan Mengal but he declined to accept the offer. The BNP-M sitting on the treasury benches had played a vital role in ouster of the Jam-led coalition government in Balochistan and had very cordial relations with the Bizenjo-led ruling coalition.

The party sources said the CM had also visited the residence of former minister Nawabzada Tariq Hussain Mangi of the BAP and discussed with him the proposed induction of JUI-F in the six-party coalition government in the province.

Two ex-ministers of the Jam Kamal cabinet, Saleem Ahmed Khosa and Mir Arif Jan Mohammad Hasni — who were not included in the Bizenjo-led cabinet — also attended the meeting. The chief minister also visited the residence of the BAP MNA Ehsanullah Reki.



**Mir Abdul Qudoos Bizenjo**
Chief Minister, Balochistan

It is a welcome initiative by the All Pakistan Newspapers Society to celebrate National Newspaper Readership Day on September 25. Journalism is the fourth pillar of the state. Societies that are sensible and aware have greater passion for reading and are better aware of their duties and fulfillment of people's rights. The purpose of celebrating this day is to spread true and authentic news and to reject rumours and fake news because such news creates chaos in the society. Unfortunately, news on social media is often disseminated to the public without verification -something that should be discouraged. This is an era of information warfare: the spread of false news promotes chaos in society. The Fifth Generation War is actually spreading false and fabricated news to perpetuate instability and general anxiety in the society. Anti-national elements are damaging important institutions and the integrity of our country through fake news. Therefore, it is important to promote reading of newspapers among our young generation and this is the purpose of celebrating this day. History shows that as long as our youth read newspapers regularly, they did not become instruments of any external agenda. Today, this interest in reading newspapers needs to be strongly emphasised on again so that people can trust authentic and verified news.

This is a good initiative by the All Pakistan Newspapers Society, which is also fully supported by the provincial government. The youth of the country is requested to read as many newspapers as possible to gain authentic news and avoid unauthentic and false news so that the atmosphere of peace and stability can be maintained in society.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 SEP 2022 Page No.



قائمقام گورنر جمالی، حسنین ہاشمی ودیگر بنارس خان کی ہمشیرہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

Century Express Quetta



قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی سے بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر عبدالروف رند، سید حسنین ہاشمی اور عبدالفتح جمالی ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated: 26 SEP 2022 Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کو ایوب اسٹیڈیم پہنچنے پر ایک بچہ پھول پیش کررہے ہیں

Century Express Quetta



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی دوسرا آل پاکستان گولڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

92 نیوز کوئٹہ



کوئٹہ: چیف سیکرٹری بلوچستان، عبدالعزیز عقیلی دوسرا آل پاکستان گولڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ دیکھ رہے ہیں